SCAN TO VERIFY
LAW DEPARTMENT
GOVERNMENT OF SINDH
www.sindhlaws.gov.pk

# سندھ آرڈیننس نمبر LI مجریہ ۱۹۸۴

# SINDH ORDINANCE NO.LI OF 1984

## حیدرآباد ڈولپمنٹ اتھارٹی (ترمیم) آرڈیننس، ۱۹۸۴

## THE HYDERABAD DEVELOPMENT AUTHORITY (AMENDMENT) ORDINANCE, 1984

## فہرست (CONTENTS)

تمہید (Preamble)

۱۔ مختصر عنوان اور شروعات

Short title and commencement

۲۔ ۱۹۷۶ کے سندھ ایکٹ XIII کی دفعہ ۴ کی ترمیم

Amendment of Section 4 of Sindh Act XIII of 1976

۳۔ ۱۹۷۶ کے سندھ ایکٹ XIII کی دفعہ ۱۷ کی ترمیم

Amendment of Section 17 of Sindh Act XIII of 1976

۴۔ ۱۹۷۶ کے سندھ ایکٹ XIII کی دفعہ ۱۸ کی ترمیم

Amendment of Section 18 of Sindh Act XIII of 1976

۵۔ ۱۹۷۶ کے سندھ ایکٹ XIII کی دفعہ ۳۵ کی ترمیم

Amendment of Section 35 of Sindh Act XIII of 1976

۶۔ ۱۹۷۶ کے سندھ ایکٹ XIII کی دفعہ۳۷ کی ترمیم

Amendment of Section 37 of Sindh Act XIII of 1976

۷۔ ۱۹۷۶ کے سندھ ایکٹ XIII کی دفعہ ۳۸ کی ترمیم

Amendment of Section 38 of Sindh Act XIII of 1976

۸۔ ۱۹۷۶ کے سندھ ایکٹ XIII کی دفعہ ۴۲ کی ترمیم

Amendment of Section 42 of Sindh Act XIII of 1976

۹۔ ۱۹۷۶ کے سندھ ایکٹ XIII کی دفعہ ۴۵ کی ترمیم

Amendment of Section 45 of Sindh Act XIII of 1976

## سندھ آرڈیننس نمبر LI مجریہ ۱۹۸۴

## SINDH ORDINANCE NO.LI OF 1984

## حیدرآباد ڈولپمنٹ اتھارٹی (ترمیم) آرڈیننس، ۱۹۸۴

## THE HYDERABAD

# DEVELOPMENT AUTHORITY (AMENDMENT) ORDINANCE, 1984

[۱۰ دسمبر ۱۹۸۴]

تمہید (Preamble)

آرڈیننس جس کی توسط سے حیدرآباد ڈولپمنٹ اتھارٹی ایکٹ، ۱۹۷۶ میں ترمیم کی جائے گی۔

جیسا کہ شرعی عدالت نے حیدرآباد ڈولپمنٹ اتھارٹی ایکٹ، ۱۹۷۶ میں کچھ ترامیم کرنے کی ہدایت کی ہے؛

اور جیسا کہ حیدرآباد ڈولپمنٹ اتھارٹی ایکٹ، ۱۹۷۶ میں ترمیم کرنا مقصود ہے، جو اس طرح ہوگی؛

اب اس لیئے، پانچویں جولائی ۱۹۷۷ کے اعلان اور پرووِیزنل کانسٹیٹوشن آرڈر، ۱۹۸۱ کی روشنی میں سندھ کے گورنر نے مندرجہ ذیل آرڈیننس بنا کر نافذ کرنا فرمایا ہے۔

مختصر عنوان اور شروعات

Short title and commencement

۱۔ (۱) اس آرڈیننس کو حیدرآباد ڈولپمنٹ اتھارٹی (ترمیم) آرڈیننس،۱۹۸۴ کہا جائے گا۔

(۲)یہ فی الفور نافذ ہوگا۔

۱۹۷۶ کے سندھ ایکٹ XIII کی دفعہ ۴ کی ترمیم

Amendment of Section 4 of Sindh Act XIII of 1976

۲۔ حیدرآباد ڈولپمنٹ اتھارٹی ایکٹ، ۱۹۷۶ میں، جس کو اس کے بعد بھی مذکورہ ایکٹ کہا جائے گا، اس کی دفعہ ۴ کی ذیلی دفعہ (۴) میں، آخر میں آنے والے فل اسٹاپ کو کولن سے تبدیل کیا جائے گا اور اس کے بعد مندرجہ ذیل شرطیہ بیان شامل کیا جائے گا:

"بشرطیکہ کوئی بھی نان آفیشل میمبر سننے کا موقعہ

دیئے بغیر برطرف نہیں کیا جائے گا۔"۔

۱۹۷۶ کے سندھ ایکٹ XIII کی دفعہ ۱۷ کی ترمیم

Amendment of Section 17 of Sindh Act XIII of 1976

۳۔ مذکورہ ایکٹ کی دفعہ ۱۷ کی ذیلی دفعہ (۱) میں، آخر میں آنے والے فل اسٹاپ کو کولن سے تبدیل کیا جائے گا اور اس کے بعد مندرجہ ذیل شرطیہ بیان شامل کیا جائے گا:

"بشرطیکہ رہائشی علاقے کے ماسٹر پلان میں مسجد کے لیئے گنجائش شامل ہوگی اور اس مقصد کے لیئے پلاٹ کی نشاندہی کی جائے گی۔"۔

۱۹۷۶ کے سندھ ایکٹ XIII کی دفعہ ۱۸ کی ترمیم

Amendment of Section 18 of Sindh Act XIII of 1976

۴۔ مذکورہ ایکٹ کے دفعہ ۱۸ کی ذیلی دفعہ (۴) میں، آخر میں آنے والے فل اسٹاپ کو کولن سے تبدیل کیا جائے گا اور اس کے بعد مندرجہ ذیل شرطیہ بیان شامل کیا جائے گا:

"بشرطیکہ رہائشی مقصد کے لیئے اسکیم میں مسجد کے لیئے گنجائش شامل ہوگی اور اس مقصد کے لیئے پلاٹ کی نشاندہی کی جائے گی۔"۔

۱۹۷۶ کے سندھ ایکٹ XIII کی دفعہ ۳۵ کی ترمیم

Amendment of Section 35 of Sindh Act XIII of 1976

۵۔ مذکورہ ایکٹ کی دفعہ ۳۵ کی ذیلی دفعہ (۵) میں، دوسری مرتبہ آنے والے لفظ "کے علاوہ" کو الفاظ "کے بعد" کو متبادل بنایا جائے گا۔

۱۹۷۶ کے سندھ ایکٹ XIII کی دفعہ۳۷ کی ترمیم

Amendment of Section 37 of

۶۔ مذکورہ ایکٹ کی دفعہ ۳۷ کے لیئے مندرجہ ذیل کو متبادل بنایا جائے گا:

۳۷۔معاوضہ طے کرنا۔ دفعہ ۳۶ کے تحت معاوضہ

سندھ میں نافذ زمین کی طلبی ایکٹ، ۱۸۹۴ کی گنجائشوں کے تحت طے کیا جائے گا۔"۔

Sindh Act XIII of 1976

۱۹۷۶ کے سندھ ایکٹ XIII کی دفعہ ۳۸ کی ترمیم

Amendment of Section 38 of Sindh Act XIII of 1976

۷۔ مذکورہ ایکٹ کی دفعہ ۳۸ میں، کامائوں اور الفاظ "بانڈس، ڈیبینچرز، اینوئٹی عرصہ جو بیس سال سے زائد نہ ہو، یا ڈولپڈ سائیٹ کی صورت میں یا ایسی صورتوں میں سے ایک سے زائد" کو الفاظ "یا ڈولپڈ سائیٹ کی صورت میں یا دونوں صورتوں میں" سے متبادل بنایا جائے گا۔

۱۹۷۶ کے سندھ ایکٹ XIII کی دفعہ ۴۲ کی ترمیم

Amendment of Section 42 of Sindh Act XIII of 1976

۸۔ مذکورہ ایکٹ کی دفعہ ۴۲ کی شق (b) میں، فل اسٹاپ سے پہلے، کاما اور لفظ "،لیکن وہ کسی بھی صورت میں مالک یا زمین میں دلچسپی رکھنے والے شخص کے طرف سے اٹھائے ہوئے نقصان سے کم نہ ہو" شامل کیئے جائیں گے۔

۱۹۷۶ کے سندھ ایکٹ XIII کی دفعہ ۴۵ کی ترمیم

Amendment of Section 45 of Sindh Act XIII of 1976

۹۔ مذکورہ ایکٹ کی دفعہ ۴۵ میں، آخر میں آنے والے فل اسٹاپ کو کولن سے تبدل کیا جائے گا اور اس کے بعد مندرجہ ذیل شرطیہ بیان شامل کیا جائے گا:

"بشرطیکہ ایسے کسی بھی حکم پر نظرثانی نہیں کی جائے گی جب تک متاثر پارٹی کو سننے کا موقعہ نہیں دیا جاتا۔"۔

**نوٹ: آرڈیننس کا مذکورہ ترجمہ عام افراد کی واقفیت کے لئے ہے، جسے کورٹ میں استعمال نہیں کیا جا سکتا۔**